نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ کماد کیلئے زمین کی تیاری بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:03 فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاریہ کماد کی کاشت کا موزوں وقت 15 فروری سے 15 مارچ تک ہے۔ بہاریہ کماد کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے ایسی بھاری میرا زمین موزوں ہے جس میں پانی کا نکاس بہتر ہو اور نامیاتی مادہ بھی کافی مقدار میں پایا جاتا ہو البتہ ہلکی اور کمزور زمین میں مناسب دیکھ بھال سے کماد کو کاشت کیا جا سکتا ہے۔ سیم اور تھور والی زمین گنے کی کاشت کے لیے موزوں نہیں ہیں۔ گنے کی جڑیں زمین کے اندر کافی گہرائی تک جاتی ہیں اس لیے کم از کم ایک فٹ گہرائی تک زمین کا تیار ہونا ضروری ہے کماد کی جڑوں کے مناسب پھیلاؤ اور خوراک کے آسان حصول کے لیے زمین نرم، بھر بھری اور اچھی طرح ہموار ہونی چاہے اس لیے زمین کی تیاری گہرا ہل چلا کر کریں اور زمین کی تیاری سے پہلے اچھی طرح گلی سڑی گوبر کی کھاڈالیں اور روٹاویٹر چیزل ہل دو دفعہ ایک دوسرے کے مخالف رخ اور عام ہل 3 سے 4 دفعہ چلا کر سہاگہ سے زمین تیار کریں۔ چیزل ہل چلانے سے پانی کا نکاس بہتر ہو جاتا ہے اور زمین کے آپس میں پیوست ذرات کھل جاتے ہیں جو کہ کماد کے پودوں کی جڑوں کو گہرائی میں لے جانے کا باعث بنتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشکار بروقت کاشت اور دیگر موزوں حالات میں دو آنکھوں والے 30 ہزار سے یا تین آنکھوں والے 20 ہزار سمے فی ایکڑ ڈالیں۔ یہ تعداد موٹی اقسام میں تقریباً100 سے 120 من اور باریک اقسام میں 80 سے 100 من بیج سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

☆☆☆☆